Punjab Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/CIR/09-2026/831 مورخہ: 08 ستمبر 2026

محترم پیف پارٹنرز

عنوان: ایجوکیشنل انسٹی ٹیوشنز سیکیورٹی اسٹیٹس (EISS) پورٹل پر سیکیورٹی پروفائل کے حوالے سے ہدایات

السلام علیکم!

تمام پیف پارٹنر سکول مالکان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ حکومتِ پنجاب کے اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے مراسلہ نمبر SO(R-I)4-7/2026 مورخہ 24 اگست 2026ء کے مطابق محکمہ داخلہ پنجاب اور ڈائریکٹوریٹ جنرل مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن (DGM&E) نے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ (PITB) کے تعاون سے ایجوکیشنل انسٹی ٹیوشنز سیکیورٹی اسٹیٹس (EISS) ویب پورٹل اور موبائل ایپلیکیشن کا اجراء کر دیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد صوبہ بھر کے تمام تعلیمی اداروں کی سیکیورٹی صورتحال کا جامع ریکارڈ مرتب کرنا اور اس کی مسلسل نگرانی کو یقینی بنانا ہے۔

اس سلسلے میں تمام پیف پارٹنر سکولوں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ https://eiss.punjab.gov.pk/ پر لاگ اِن کر کے اپنے ادارے کا سیکیورٹی پروفائل کا عمل جلد از جلد مکمل کریں۔ اس Self-Assessment میں ادارے کی چار دیواری، سی سی ٹی وی کیمروں کی دستیابی اور کوریج، سیکیورٹی گارڈز کی تعیناتی، ایمرجنسی الارم سسٹم، ہنگامی اخراج کے راستوں (Evacuation Routes) اور دیگر متعلقہ سیکیورٹی انتظامات سے متعلق معلومات فراہم کرنا ہوں گی۔ متعلقہ سیکیورٹی انفراسٹرکچر کی جیو ٹیگ شدہ تصاویر بھی پورٹل پر اپ لوڈ کرنا ضروری ہوں گی۔

پیف پارٹنر سکول اپنے PEPRIS رجسٹریشن نمبر یا ضلعی تعلیمی اتھارٹی (DEA) کی جانب سے فراہم کردہ لاگ اِن معلومات کے ذریعے پورٹل تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ پہلی مرتبہ لاگ اِن کے دوران ادارے کے سربراہ کو اپنا شناختی کارڈ نمبر، رابطہ نمبر اور ای میل ایڈریس بھی تصدیق کرنا پڑ سکتا ہے۔

یہ امر قابلِ توجہ ہے کہ EISS پورٹل پر فراہم کردہ معلومات پنجاب کے پانچ سطحی سیکیورٹی مانیٹرنگ نظام کا حصہ بنیں گی، جس کے تحت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز، اسپیشل برانچ، مقامی پولیس، DGM&E اور صوبائی سطح کی مانیٹرنگ کمیٹیاں تعلیمی اداروں کی سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیں گی۔ لہٰذا تمام پارٹنر سکول اس بات کو یقینی بنائیں کہ پورٹل پر فراہم کردہ معلومات درست، مکمل اور بروقت اپ ڈیٹ ہوں۔

تمام پیف پارٹنر سکولوں سے درخواست ہے کہ وہ اس ہدایت کو انتہائی اہم اور فوری نوعیت کا معاملہ سمجھتے ہوئے ترجیحی بنیادوں پر مطلوبہ کارروائی مکمل کریں اور اپنے ادارے کی سیکیورٹی پروفائل کو ہر وقت اپ ڈیٹ رکھیں تاکہ حکومتی ہدایات کی مکمل تعمیل کو یقینی بنایا جا سکے۔

خیر اندیش

ڈپٹی مینیجنگ ڈائریکٹر (آپریشنز)